# پولیس کو بُلانا





WATERLOO REGIONAL POLICE

People Helping People

## ہم سے رابطہ کریں:

### ایمرجنسی
### 911

- آگ لگ گئی ہے
- طبّی ایمرجنسی ہے
- جرم ہو رہا ہے
- خطرناک/نازک صورتحال ہے

### غیر ایمرجنسی
### 519-570-9777

- جب جرم ہونے کا کوئی واقعہ پیش آچکا ہو، جس کے لیے پولیس کی ضرورت ہے، لیکن فی الحال جرم کا عمل اب جاری نہیں
- رپورٹ کرنے کے لیے
- پولیس کی معلومات/مشورے کے لیے
- واٹر لو ریجنل پولیس سروس کے کسی بھی رکن تک پہنچنے کے لیے

### TTY
### 1-888-420-1777

اگر آپ کال کرنے کے لیے TTY/TDD ڈیوائس استعمال کریں گے تو یہ نمبر آپ کا رابطہ پولیس سے جوڑ دے گا۔

ایمرجنسی
911

نان-ایمرجنسی
519-570-9777

TTY
1-888-420-1777

WATERLOO REGIONAL CRIME STOPPERS
1-800-222-TIPS (8477)

### کرائم اسٹاپرز
WATERLOO REGIONAL CRIME STOPPERS
### 1-800-222-TIPS (8477)

کرائم اسٹاپرز(جرائم روکنے والے) آپ کو گمنام رکھ کرپولیس کو معلومات فراہم کرنے کا ایک طریقہ فراہم کرتے ہیں۔ کوئی کال ڈسپلے یا کال ٹریس نہیں ہوتی اور نہ ہی آپ سے اپنی شناخت بتانے کے لیے پوچھا جاتا۔ کرائم اسٹاپرز $2000.00 تک نقد انعامی رقم ادا کرتے ہیں۔

WATERLOO REGIONAL POLICE

200 Maple Grove Rd
P.O. Box 3070
Cambridge, ON
N3H 5M1

www.wrps.on.ca

## 911 سے ٹیکسٹ کرنا

(T911) 911 سے ٹیکسٹ کی سہولت سماعت سے محروم، بہرے پن، سماعت کی مشکل، بولنے میں نقص، اور کمیونٹی میں گویائی (بولنے) کی صلاحیت سے محروم افراد کے لیے دستیاب ہے۔

اپنے سیلولر فون کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں تاکہ بغیر کسی اضافی خرچ کے اپنا سیلولر فون رجسٹر کرا سکیں۔

آپ کو اب بھی 911 ڈائل کرنے کی ضرورت ہوگی لیکن بولنا نہیں پڑے گا۔ 911 آپریٹر کو مطلع کیا جائے گا کہ ٹیکسٹنگ کی ضرورت ہے۔ مزید معلومات کے لیے، Textwith911.ca وزٹ کریں۔





### آپریٹر کیا پوچھے گا؟

- کیا ہو رہا ہے؟
- آپ کہاں ہیں؟
- آپ کا نام اور تاریخ پیدائش کیا ہے؟ آپ کا ایڈریس/پتہ کیا ہے؟
- آپ کا فون نمبر کیا ہے؟

### اگر میں انگش زبان نہیں جانتا/جانتی تو کیا ہوگا؟

یہ بتانے کی کوشش کریں کہ آپ کون سی زبان بولتے ہیں۔ 911 آپریٹر پھر آپ کو ایک مترجم سے منسلک کر سکتا ہے۔

### اگر غلطی سے 911 ڈائل ہوجائے تو کیا ہوگا؟

- لائن پر رہیں۔
- آپریٹر کو بتائیں کہ یہ غلطی تھی، اور اس غلطی کی وجہ کیا تھی۔
- اپنے نام، تاریخ پیدائش، پتہ اور فون نمبر کی تصدیق کریں۔

## جب میں فون کروں گا/گی تو 911 آپریٹر کیا دیکھے گا؟

### لینڈ لائن

عمومی لینڈ لائنیں، 911 آپریٹر کو فون نمبر، پتے اور نام فراہم کرتی ہیں۔

### سیلولر

سیلولر فون نمبرز، سیلولر کمپنی کا نام اور بعض اوقات ایک تخمینہ/تعین شدہ مقام فراہم کرتے ہیں۔ 911 آپریٹر نہیں جانتا کہ آپ کہاں ہیں جب تک کہ آپ ان کو نہ بتائیں۔

### وائس اوور انٹرنیٹ پروٹوکول (VoIP)

تصدیق کریں آیا کہ آپ کا VoIP، جدید طور پر 911 (e911) سروس فراہم کرتا ہے، اور آپ کی متعلقہ معلومات اَپ-ٹو-ڈیٹ ہیں، کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ کے پاس e911 کی سہولت ہے، تو آپ کا فون نمبر 911 آپریٹر کو نام ، پتہ اور فون نمبر فراہم کر سکتا ہے۔

اگر آپ کا نمبر e911 نہیں ہو، تو آپ ایک کال سینٹر سے منسلک ہوں گے جو آپ کی کال کو ہم سے منسلک کردے گا۔ ہم آپ کی لوکیشن اور فون نمبر کے بارے VoIP میں معلومات فراہم کرنے کے لیے کال سینٹر اور خود آپ پر انحصار کرتے ہیں۔